258

UD–03

June/December – Examination, 2020

B.A. (Part II) Examination

URDU

(Afsanvi Nasr Aur Tarjuma)

Paper : UD–03

Time : 2 Hours] [*Maximum Marks : 70*

ہدایت: اس پرچے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ ''الف'' اور ''ب'' ہر حصے کے سامنے نمبر تحریر کئے گئے ہیں۔

(حصہ-الف) 7×2=14

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 30 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لئے 2 نمبر مقرر کئے گئے ہیں۔

1 (i) اردو کے دو داستان نگاروں کے نام لکھئے۔

(ii) پریم چند کا پورا نام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(iii) راجستھان کے کسی ایک افسانہ نگار کا نام لکھئے۔

(iv) دو ڈراما نگاروں کے نام لکھئے۔

(v) عصمت کی افسانہ نگاری کی دو خوبیاں لکھئے۔

(vi) میر امن کی دو کتابوں کے نام لکھئے۔

(vii) سرشار کا پورا نام کب اور کہاں پیدا ہوئے۔

(حصہ-ب) 4×14=56

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ دیئے گئے 8 سوالات میں سے کل 4 سوالات حل کرنے ہیں۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے ایک کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

(i)

عجب طرح کا غم ہوا جس کا بیان نہیں کر سکتا۔ یکبارگی ستم ہوگیا۔ کوئی سر پر بوڑھا نہ رہا۔ اس مصیبت ناگہانی سے رات دن رویا کرتا۔ کھانا، پینا سب چھوٹ گیا۔ چالیس دن جوں توں کر کے کٹے۔ چہلم

میں اپنے بیگانے چھوٹے بڑے جمع ہوئے۔ جب فاتحہ سے فراغت ہوئی، سب نے فقیر کو باپ کی پگڑی بندھائی اور سمجھایا۔ دنیا میں سب کے ماں باپ مرتے آئے ہیں اور اپنے تئیں بھی ایک روز مرنا ہے۔

(ii)

مولوی کی شکل دیکھ کر قریب تھا کہ کلیم اس طرح بھاگ کھڑا ہو جیسے لاحول سے شیطان۔ مگر اس کو خیال ہوا کہ امیروں کے کارخانے ہیں۔ عجب کیا ہے کہ کوئی خانقاہ بھی ہو۔ چلو ذرا حال تو دریافت کریں۔ بارے قریب جاکے اس نے ایک پیر مرد کو مجرا عرض کرتا ہوں۔ کہہ کر اپنی طرف متوجہ کیا۔

3 ملاوجہی کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

4 رتن ناتھ سرشار کی طرز تحریر کی خصوصیات لکھئے۔

5 افسانہ کی تعریف اور خصوصیات تحریر کیجئے۔

6 ترجمہ نگاری کے اصول اور ضوابط پر روشنی ڈالئے۔

7 پریم چند کے کسی ایک افسانے کا خلاصہ لکھئے۔

8 حبیب تنویر کی ڈراما نگاری کی خوبیاں لکھئے۔

9 ناول کی تاریخ بیان کیجئے۔